[Published in the Gazette of Pakistan, Extraordinary, Part-1, dated the 29th December, 2024]

ORDINANCE NO. XI OF 2024

AN

ORDINANCE

*further to amend the Societies Registration Act, 1860, in its application to the Islamabad Capital Territory*

WHEREAS, it is expedient further to amend the Societies Registration Act, 1860 (XXI of 1860) in its application to the Islamabad Capital Territory, in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

AND WHEREAS, the Senate and the National Assembly are not in session and the President of the Islamic Republic of Pakistan is satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action;

NOW, THEREFORE, in exercise of the powers conferred by clause (1) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President of the Islamic Republic of Pakistan is pleased to make and promulgate the following Ordinance:—

1. **Short title, commencement and extent.**—(1) This Ordinance shall be called the Societies Registration (Amendment) Ordinance, 2024.

(2) It shall come into force at once.

(3) It shall extend to the entire Islamabad Capital Territory.

2. **Amendments of section 21, Act XXI of 1860.**—In the Societies Registration Act, 1860 (Act XXI of 1860), in section 21,—

(A) in sub-section (1),—

(i) in clause (a), for the word "shall", the word "may" shall be substituted and the word "and" at the end shall be omitted;

(ii) in clause (b), for the word "shall", the word "may" shall be substituted and after the words "under this Act", the expression "or otherwise," shall be inserted and for full stop at the end, the expression "; and" shall be substituted; and

(iii) after clause (b), amended as aforesaid, the following new clause (c) shall be inserted, namely:—

"(c) those Madaris and Wafaqs already registered or desirous to register themselves directly with Directorate General of Religious Education, Ministry of Federal Education and Professional Training, shall be reckoned to have been registered and shall be dealt with accordingly under the relevant dispensations.";

(B) in sub-section (5), after the expression "resources," the words "accord priority to" shall be inserted;

(C) in sub-section (6), after the words "under this Act", the words "or otherwise" shall be inserted; and

(D) in sub-section (7), after the words "under this Act", the words "or otherwise" shall be inserted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Deeni Madaris have been registered under the Societies Registration Act, 1860. However, it is proposed that those Madaris and Wafaqs already registered or desirous to get registered directly with Directorate General of Religious Education, Ministry of Federal Education and Professional Training, shall be reckoned to have been registered.

2. This Bill has been designed to achieve the aforesaid objective.

Minister-in-Charge

[جریدہ پاکستان، غیر معمولی، حصہ اول، مورخہ 29 دسمبر، 2024ء میں شائع ہوا]

## آرڈیننس نمبر ۱۱ مجریہ ۲۰۲۴ء

## دارالحکومت اسلام آباد میں اس کے اطلاق کے لیے، سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ، ۱۸۶۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا آرڈیننس

ہرگاہ کہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں، دارالحکومت اسلام آباد میں اس کے اطلاق کے لیے سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ، ۱۸۶۰ء (۲۱ بابت ۱۸۶۰ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

اور چونکہ، سینٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس نہیں ہو رہے ہیں اور صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کو اطمینان حاصل ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جن کی بناء پر فوری کارروائی کرنا ضروری ہو گیا ہے؛

لہذا، اب، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۱) کی رو سے حاصل شدہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان نے حسب ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے۔

۱۔ **مختصر عنوان، آغاز نفاذ اور وسعت:۔** (۱) یہ آرڈیننس سوسائٹیز رجسٹریشن (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

(۳) یہ پورے دارالحکومت اسلام آباد میں وسعت پذیر ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۲۱ بابت ۱۸۶۰ء کی، دفعہ ۲۱ کی ترامیم:۔** سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ، ۱۸۶۰ء (ایکٹ ۲۱ بابت ۱۸۶۰ء) کی، دفعہ ۲۱ میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں،۔

(اوّل) شق (الف) میں، لفظ ''کرے گا''، کو، لفظ ''کر سکے گا'' سے تبدیل کر دیا جائے گا اور آخر میں لفظ ''اور'' کو حذف کر دیا جائے گا؛

(دوم) شق (ب) میں، لفظ ''کرے گا''، کو، لفظ ''کر سکے گا'' سے تبدیل کر دیا جائے گا اور الفاظ ''اس ایکٹ کے تحت'' کے بعد، عبارت ''یا بصورت دیگر،'' کو شامل کر دیا جائے گا اور آخر میں ختمہ کو، عبارت ''؛اور'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(سوم) مذکورہ بالا طور پر ترمیم کردہ شق (ب) کے بعد، حسب ذیل نئی شق (ج) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ج) وہ مدارس اور وفاق جو پہلے سے رجسٹر شدہ ہوں یا خود کو مذہبی تعلیم کے ڈائریکٹوریٹ جنرل، وزارت وفاقی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت کے ساتھ براہ راست رجسٹر کروانے کے خواہش مند ہوں تو، انہیں رجسٹر شدہ شمار کیا جائے گا اور ان کے ساتھ متعلقہ استثنیات کے تحت بحسبہٖ معاملت کی جائے گی۔"؛

(ب) ذیلی دفعہ (۵) میں، عبارت "ذرائع" کے بعد، الفاظ "کو ترجیح دیتے ہوئے" کو شامل کر دیا جائے گا؛

(ج) ذیلی دفعہ (۶) میں، الفاظ "اس ایکٹ کے تحت" کے بعد، الفاظ "یا بصورت دیگر" کو شامل کر دیا جائے گا؛ اور

(د) ذیلی دفعہ (۷) میں، الفاظ "اس ایکٹ کے تحت" کے بعد، الفاظ "یا بصورت دیگر" کو شامل کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض ووجوہ

دینی مدارس کو سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ، ۱۸۶۰ء کے تحت رجسٹرڈ کیا گیا ہے۔ تاہم یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ جو مدارس اور وفاق پہلے سے رجسٹرڈ ہیں یا ڈائریکٹوریٹ جنرل آف مذہبی تعلیم، وزارتِ وفاقی تعلیم وپیشہ ورانہ تربیت کے ساتھ براہِ راست رجسٹرڈ ہونے کے خواہشمند ہیں، انہیں رجسٹرڈ تصور کیا جائے گا۔

بل ہٰذا مذکورہ بالا مقصد کے حصول کیلئے وضع کیا گیا ہے۔

وزیر انچارج